# منٹو

## شاھد احمد دھلوی

**I** **ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے:** **One Mark Questions**

۱ نوجوان نے اپنا تعارف کس طرح کرایا؟(K)

۲ خاکہ نگار کی منٹو سے پہلی ملاقات کے وقت منٹو کی کونسی کتاب چھپ کر آئی تھی؟(K)

۳ پہلی ملاقات کے بعد رخصت ہوتے ہوئے منٹو نے شاہد احمد دہلوی پر کیا واضح کیا؟(K)

۴ پہلی ملاقات میں خاکہ نگار کو منٹو کیسا لگا؟(K)

۵ منٹو کو مسلم یونیورسٹی سے کیوں نکالا گیا؟(K)

۶ منٹو، ممبئی جا کر کہاں نوکر ہو گیا؟(K)

۷ منٹو کے لیے بائیں ہاتھ کا کھیل کیا تھا؟(K)

۸ کونسا افسانہ لکھنے پر حکومت پنجاب نے منٹو کو دھر لیا؟(K)

۹ کس سلسلے میں منٹو کو ممبئی سے لاہور آنا پڑا؟(K)

۱۰ منٹو کی زبان پر کونسا لفظ چڑھا ہوا تھا؟(K)

۱۱ میرا جی کے ہاتھوں میں ہمیشہ کیا رہا کرتے تھے؟(K)

۱۲ دیوندر سیتارتھی کے تعلق سے منٹو کیا کہتا تھا؟(K)

۱۳ منٹو کا محبوب افسانہ نگار کون تھا؟(K)

۱۴ منٹو بظاہر کیسا نظر آتا تھا؟(K)

۱۵ خاکہ نگار نے منٹو کی آنکھوں میں پہلی اور آخری بار آنسو کب دیکھے؟(K)

۱۶ خاکہ نگار کے مطابق منٹو نے قلم کا سہارا لے کر کیا کام کیا؟(K)

۱۷ شراب سے بچنے کی کوشش منٹو نے کس طرح کی؟(K)

۱۸ 'منٹو' کے خاکہ نگار کون ہیں؟(K)

۱۹ 'منٹو' کا تعلق کس صنف نثر سے ہے؟(K)

**II** **ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے:** **Two Mark Questions**

۱ خاکہ نگار سے ملنے آئے نوجوان کا حلیہ کیسا تھا؟(C)

۲ پہلی ملاقات میں منٹو نے خاکہ نگار سے کس خواہش کا اظہار کیا اور جواب میں خاکہ نگار نے کیا کہا؟(C)

۳ منٹو کے تعلق سے خاکہ نگار کو کیا گمان رہا؟(C)

۴ جنگ کے زمانے میں دلی ریڈیو اسٹیشن سے کون کونسے ادیب وشاعر وابستہ تھے؟(C)

۵ منٹو کے مرض کے تعلق سے ڈاکٹر کیا کہتے تھے؟(C)

۶ ستیارتھی کا افسانہ سن کر منٹو نے کیا کہا؟(C)

۷ احمد شاہ بخاری نے منٹو سے کیا کہا اور منٹو نے کیا جواب دیا؟(C)

۸ چودھری محمد حسین کون تھے اور انھیں کیا زعم تھا؟(C)

۹ ن م راشد نے کس پر لکچر دیا اور اپنی کونسی نظم سنائی؟(C)

۱۰ منٹو نے اپنی لوح مزار کے کتبے کے لیے کیا لکھا؟(C)

**III ان سوالوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے: Four Mark Questions**

۱ مسلم یونیورسٹی سے نکالے جانے کے بعد منٹو نے کیا کیا؟(C)

۲ حکومت پنجاب کے ایڈوائزر چودھری محمد حسین کے منٹو پر قائم کردہ مقدمات کا ذکر کن الفاظ میں کیا ہے؟(C)

۳ دیوندر ستیارتھی کون تھے؟ ان کا منٹو کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟(C)

۴ چراغ حسن حسرت اور منٹو کے درمیان پیش آئے واقعہ کو اپنی زبان میں لکھیے؟(C)

۵ منٹو کے بچے کی موت کا واقعہ خاکہ نگار نے کس طرح بیان کیا ہے؟(C)

۶ 1954 میں خاکہ نگار کی منٹو سے آخری ملاقات کی تفصیل لکھیے؟(C)

**IV متن کے حوالے سے ان جملوں کی تشریح کیجیے۔ Two Mark Questions**

۱ ''معاوضہ میں اس لیے لیتا تھا کہ مجھے پیسوں کی ضرورت رہتی تھی؟''

۲ ''دیکھو منٹو میں تمھیں اپنے بیٹے کے برابر سمجھتا ہوں؟''

۳ ''آپ تو بہت بیمار ہیں۔ آپ کیوں آئے؟''

۴ ''اب میں 'ساقی' کا فرانسیسی نمبر نکالنا چاہتا ہوں''۔

۵ ''آپ میں کوئی سرخاب کا پر لگا ہوا نہیں ہے''۔

....................................